باہم کیا فرق و امتیاز ہوتا ہے۔ لائق مترجم نے ترجمہ بڑی خوبی اور عمدگی کے ساتھ کیا ہے جس سے اردو کی متوسط استعداد والا شخص بھی مستفید ہو سکتا ہے۔ شروع میں مترجم کے قلم سے ہی پیش لفظ اور پھر دیباچہ ہے جس سے اس کتاب کے مباحث کا پیش منظر سمجھنے میں مدد ملے گی۔

نشری تقاریر | از جناب مولوی عبدالرحمٰن خاں صاحب صدر حیدر آباد اکاڈمی حیدر آباد دکن تقطیع خورد ضخامت ۱۵۴ صفحات طباعت وکتابت عمدہ مجلد عہ کلدار پتہ ادارہ نشریات اردو حیدر آباد دکن

مصنف ہمارے ملک کے بہت مشہور فاضل اور بالخصوص سائنس کے بڑے عالم ہیں۔ یہ کتاب آپ کی اُن چند تقریروں کا مجموعہ ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً حیدر آباد کے ریڈیو اسٹیشن سے نشر کی ہیں، ان تقریروں کا موضوع اگرچہ خالص طبیعاتی مسائل ہیں۔ مثلاً "سیاروں میں زندگی کے امکانات" "زمین کا کرۂ ہوائی" "دمدار ستارے" "تاروں کی بستی" "پراسرار روشنی" وغیرہ لیکن فاضل مقرر نے ان کو ایسے سلیس، عام فہم اور شگفتہ انداز میں بیان کیا ہے کہ ایک متوسط الاستعداد شخص بھی تھوڑی توجہ سے پڑھنے کے بعد ان سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ جن لوگوں نے طبیعات اور سائنس کا مطالعہ نہیں کیا ہے ان کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہئے۔ پھر ان تقاریر میں بعض ایسی کارآمد اور نئی چیزیں بھی ہیں جن سے طبیعات کا ایک طالب علم بھی مستفید ہو سکتا ہے۔

مقدمہ مشکوٰۃ شریف ترجمہ اردو | از جناب مولوی خواجہ محمد علی صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۱۱ صفحات کتابت وطباعت خاصی قیمت عہ پتہ:۔ مکتبۂ اسلامی لاہور۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے حدیث کی مشہور کتاب مشکوٰۃ پر جو شرح لکھی تھی اس کا مقدمہ اتنا مقبول ہوا کہ مشکوٰۃ کے مطبوعہ نسخوں کا جزء بن گیا۔ اس میں اختصار مگر جامعیت کے ساتھ علم حدیث کے اصول ومبادی بیان کئے گئے ہیں جن کا جاننا طلبائے حدیث کے لئے نہایت ضروری ہے۔ لائق مترجم نے اس مقدمہ کا اردو میں ترجمہ کیا ہے اور شرح بھی لکھی ہے۔ شروع میں ایک